© rasailojaraid.com

# گلدستہ قادیانی

مرزا صاحب قادیانی کا لڑکا مبارک احمد جسکی صحت کا الہام تہا فوت ہوگا + مرزا صاحب کے مقابلہ پر ڈاکٹر عبدالحکیم خانصاحب کو خواب اور الہام ہوئے ہیں (۱) آج مرزا کے دوست میں قلق ہے (۲) تین مرزائیوں کی شکل ٹڈی کی گگڑیوں کی صورت میں دکہائی گئی جو گائے بیل کی چبائی ہوئی اور کعصف مآکول کی مصداق ہے (۳) ایک لڑکی کی بشارت دی گئی جسکا نام مسلم ہے (۴) آوارہ لڑکے کی نسبت دعا الہام ہوئی ای خدا اس ظالم کو غارت کر + مرزا صاحب کو کشف ہوا ہے کہ ایک بڑا ستارہ ٹوٹا ہے جو خوب زور سے چمکتا ہوا شمال مشرق کی جانب سے سیدہا سر تک آکر گم ہوگیا ہے۔ (اگست اور ستمبر میں عموماً ایسے واقعات ہوا کرتی ہیں اسی کا نام مرزا جی کی اصطلاح میں الہام اور کشف ہے۔ (چہ خوش) مرزا صاحب کی لڑکی کو بہی کشف ہوا کہ آسمان پر ستارے ٹوٹتے ہیں (بدر ۲۲ اگست) کیوں نہ ہو ابن الفقیہ نصف الفقیہ مرزا صاحب کو یہ الہام ہوا ہے۔ عبرت بخش سزائیں دیکہیں (بدر ۱۵ اگست) کیا ہی مزے کا اور برمحل الہام ہے اور راولپنڈی اور لاہور میں پولیٹیکل مقدمات دائر ہیں ادہر بنگال میں آئے دن پولیٹکل پکڑے جا رہے ہیں اور سزائیں ملتی ہیں اسپر بہی مرزا جی کے الہام کو کوئی سچا نہ مانے تو پہر اس سے زیادہ سچا وہ کہاں سے لائیں + مرزا جی کو یہ بہی الہام ہوا ہے کہ تو ہر ایک بلا سے بچایا جائیگا (بدر ۲۲ ستمبر) اسی الہام کے بعد مرزا جی کا مراہق بیٹا مرگیا جسکی شادی کو ابہی چند روز ہی ہوئے تہے کیا ہی الہام سچا ہے + ۲۱ ستمبر کی شب کو میں رفاکسار اڈیٹر مرقع) خواب میں قادیان پہونچا۔ مرزا صاحب سے خوب دل لگی کی باتیں ہوتی رہیں ایک شخص نے انکی مجلس میں آپکو مسیح موعود کہا۔ میں نے کہا شرم کرو وہ خود توازالہ اوہام طبع اول ص۔ پر اپنے مسیح موعود ہونے سے انکاری ہیں اور تم انکو مسیح موعود کہتے ہو۔ پہر ایک شخص نے کچہ پوچہا تو مرزا جی نے کہا چپ ہو یہ اخبار نویس بیٹہے ہیں ابہی چہاپ دینگے میں نے کہا کراماً کاتبین انسان کا ہر ایک لفظ لکہتے ہیں جب کہا جائیگا اقرء کتابک اُس وقت آپ کیا کہینگے؟ حاضرین میں سے ایک شخص نے کہا جزاک اللہ +

ے اِن بیٹوں کا علم بہی تو پبلک کو دیجئے۔ اڈیٹر

© rasailojaraid.com